مسجد نبویؐ میں لکھا گیا (ص ۱۶)۔ کتاب کی زبان عام فہم ہے۔ کتاب کے مطالعے سے حضور اکرمؐ سے محبت وتعلّق میں تازگی محسوس ہوگی۔ (ظفر حجازی)

اسلامی تاریخ کی قابلِ فخر شخصیات، ناعمہ صہیب۔ ناشر: کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۳۲۰۳۱۸-۰۴۲۔ صفحات: ۴۸۰ (بڑی تقطیع)۔ قیمت: ۷۰۰ روپے۔

ہر انسان کا وجود اپنی جگہ اہمیّت رکھتا ہے اور جان کا احترام بھی۔ اس کے باوجود ہم دیکھتے ہیں کہ ہر فرد کی اہمیّت دوسرے فرد کے نزدیک اکثر اوقات خاص وقعت نہیں رکھتی۔ تاہم، روزِ اوّل سے بعض افراد ایسے ہیں کہ جن کا وجود، اُس زمانے کے لوگوں کے ساتھ ساتھ ہر آنے والے زمانے میں بھی انسانیت کے لیے خاص وزن اور اہمیّت رکھتا ہے۔ اسی بنا پر ان شخصیات کے کارنامۂ حیات کو جاننے کی طلب تازہ دم رہتی ہے۔ مؤلفہ نے زیرنظر کتاب میں اسی طلب کا جواب فراہم کیا ہے اور حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ سے لے کر شیخ احمد یٰسین تک ۱۵؍افراد کا تذکرہ متوازن انداز میں پیش کیا ہے۔ ان شخصیات میں حضرت سیّد احمد شہید، بدیع الزمان نورسی، مولانا محمد الیاس، ناصرالدین البانی، ابوالحسن علی ندوی اور سیّد قطب شہید کے نام نامی بھی شامل ہیں۔

اگرچہ کتاب کے مندرجات کے بارے میں بہت کچھ بیان کیا جاسکتا ہے، لیکن محترم پروفیسر خورشید احمد کے تحریر کردہ مقدمے کی یہ سطور تصویر کو بحسن وخوبی پیش کرتی ہیں، کتاب میں: ''شخصیت پرستی سے دامن بچا کر، اس شخص کی حقیقی خدمات اور اثرات کو توجہ کا مرکز بنایا گیا ہے۔ پھر شخصیات کے انتخاب میں بھی تنوع ہے۔ کسی خاص علاقے یا کسی خاص شعبۂ زندگی تک اس انتخاب کو محدود نہیں رکھا گیا، بلکہ اُمت کے پورے کینوس پر نظر ڈال کر تاریخ ساز شخصیات کا [ایک] انتخاب کیا گیا ہے'' (ص ۲۰)۔ ایسی کتب کا مطالعہ فرد میں کچھ کرنے کی اُمنگ اور اپنی زندگی کا احتساب کرنے کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ (سلیم منصور خالد)

اسلامی تصوف، سیّد احمد عروج قادری۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، کراچی۔ تقسیم کنندہ: اکیڈمی بک سنٹر، ڈی-۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی-۳۶۳۴۹۸۴۰-۰۲۱۔ صفحات: ۳۶۴۔ قیمت: درج نہیں۔

زیرنظر کتاب میں مصنف نے قرآن اور حدیث کو بنیاد بنا کر تصوف کے مسئلے کی تفہیم اور